© rasailojaraid.com

## سرحد اسمبلی کے

# قابلِ تحسین کارنامے

قرارداد نمبر ۵ جو صوبہ سرحد اسمبلی میں مورخہ ۱۷-۷-۲ کو مولانا حبیب گل ناظم کل پاکستان جمعیت علماء اسلام نے پیش کی۔ اور بھاری اکثریت سے منظور ہوئی ———

"یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے۔ کہ صوبہ سرحد میں فلم "ڈان آف اسلام" جس کی نمائش سے مذہبِ اسلام کی توہین ہوتی ہے، کی درآمد پر پابندی عائد کرے۔ نیز مرکزی حکومت سے بھی اسی امر کی استدعا کی جائے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں اسی مذموم فلم کی نمائش فوراً بند کر دے"

---

قرارداد نمبر ۶ جو مولانا عبدالصمد رکن مجلس شوریٰ جمعیت علماء اسلام صوبہ سرحد نے پیش کی اور جو متفقہ طور پر منظور ہوئی۔

"یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ اپنے دائرہ اختیار میں تمام اسلامی احکامات کو قانونی شکل دے کر فی الفور نافذ کرے۔

---

نوٹ :۔ قادیانیوں کے بارہ میں مولانا حبیب گل صاحب کی پیش کردہ قرارداد اقلیت کی تفصیل اخبارات میں آچکی ہے۔ ہم ان نہایت اہم قراردادوں کی تحریک پر محرکین قرارداد اور قرارداد منظور ہونے پر پوری اسمبلی کو دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں مسلمانانِ سرحد کے جذبات دینی اور ایمانی حمیت پر مبنی فیصلے رنگ لا رہے ہیں۔ اقتدار اور اختلاف دونوں صفوں میں اہلِ ایمان و اخلاص کی سعی ضائع نہیں جاتی۔

© rasailojaraid.com